**03/06/2026**

**07:30 /PM**

**آداب**

**........ لیفٹنٹ گورنر نے ڈوڈہ اور کشتواڑ اضلاع کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں سڑکوں اور پانی کی سپلائی لائنوں کی فوری بحالی پر دیا زور۔** *

**........ عالمی بائیسکل ڈے کے موقعے پر رائل سپرنگس گالف کورس سرینگر سے سائیکلوتھن کا انعقاد// وزیر اعلیٰ نے کھیل کود کو بڑھاوا دینے پر کی سپورٹس کونسل کی سراہنا ۔** *

**........ چیف سیکریٹری نے وکست بھارت جی رام جی اسکیم پر اس سال یکم جولائی سے نفاذ سے قبل تمام تیاریاں مکمل کرنے کی دی ہدایت ۔** *

**اور**

**........دلی کے مالویہ نگر میں آگ کی بھیانک واردات میں21افراد ہلاک۔** *

**LG**

**لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے جموں صوبے کے سیلاب سے متاثرہ ڈوڈہ اور کشتواڑ اضلاع کے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مکمل چوکسی برقرار رکھیں اور بنیادی سہولیات کی فوری بحالی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے لوگوں کی راحت رسانی کے لئے تعینات ٹیموں کو ہائی الرٹ پر رہنے اور صورتحال کی مسلسل نگرانی کرنے کی تاکید کی ہے۔**

**ایل جی نے سڑکوں، شاہراہوں اور پانی کی سپلائی لائنوں کی فوری بحالی کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ منوج سنہا نے کہا ہے کہ بنیادی سہولیات کی بحالی کا کام مکمل ہوتے ہی نقصانات کا تخمینہ لگانے کا عمل شروع کیا جائے گا۔**

**انہوں نے کُھڈ ہر ڈوڈہ کی پنکی دیوی، جو آسمانی بجلی گرنے کے واقعے میں ازجان ہوگئیں، کے لواحقین کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر سے، متاثرہ خاندان کو فوری امداد اور ہر ممکن تعاون فراہم کےلئے کہا گیا ہے۔**

**بائیسکل ڈے**

**آج World Bicycle Day ہے۔ اس دن کو منانے کا مقصد بائیسکل کے استعمال سے ٹرانسپورٹ کے کفایتی، بھروسہ مند اور ماحول دوست ذریعے کوفروغ دینے اور صحت پر سائیکلنگ کے مثبت اثرات کو اُجاگر کرنا ہے۔**

**آج کے دن کی مناسبت سے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی کئی سائیکل ریلیاں منعقد ہو رہی ہیں۔**

**CM**

کو Cyclothon وزیر اعلیٰ عمر عبد اللہ نے آج رائل سپرنگس گالف کورس سرینگر میں ایک جھنڈی دکھا کر روانہ کیا، جس میں زندگی کے مختلف طبقوں سے تعلق رکھنے والے افراد اور طالب علموں نے شرکت کی۔

اس موقعے پر وزیر اعلیٰ نے آئندہ جموں سائیکلوتھن کے بارے میں مسکٹ، جرسی اور تشہیری مہم کی شروعات کی۔ وزیر اعلیٰ نے کھیل کود کی سرگرمیوں میں نوجوانوں کی حوصلہ افزا شرکت اور دلچسپی کےلئے جمونو کشمیر سپورٹس کونسل کی سراہنا کی۔

اس موقعے پر کھیل کے وزیر ستیش شرما، وزیر اعلیٰ کے مشیرناصر اسلم وانی اور دیگر کئی اہم شخصیات بھی موجود تھیں۔ سائیکل سواروں نے قریب20کلو میٹر کی مسافت طے کی۔

**سینسس**

جموں کشمیر اور لداخ کے چیف پرنسپل سینسس آفیسر امت شرما نے مردم شماری کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے تمام اندراج کنند گان اور سپر وائزروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ مکانوں کا شمار کرنے میں اپنے فرائض نہایت پیشہ واریت کے ساتھ انجام دیں۔

آج جنوبی ضلع کولگام کا دورہ کرکے افسر موصوف نے پرنسپل سینسس آفیسر ، ضلع سینسس آفیسر ، چارج افسروں ، اندرا ج کنند گان اور سپر وائزروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران ضلع میں مردم شماری کے عمل کیلئے کی گئی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔

ہمارے نمائندے خورشید پڈرو نے خبر دی ہے کہ امت شرما نے عوام سے اپیل کی کہ وہ مردم شماری کے اندراج کنند گان کو صحیح تفاصیل فراہم کرکے اپنا بھر پور تعاون دیں ۔

آکاشوانی نیوز سرینگر سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا ۔

...........Amit Sharama........

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے متعلق افسروں کو ہدایت دی ہے کہ وہ وکست بھارت جی رام جی پر اس سال یکم جولائی سے نفاذ سے پہلے ہی اس کیلئے تمام تیاریاں پیشگی مکمل کریں ۔

سرینگر میں محکمہ دیہی ترقی اور متعلقہ ضلع افسروں کی ایک اعلیٰ سطح کی میٹنگ کے دوران انہوں نے ایم جی نریگا سے نومتعارف کردہ وکست بھارت جی رام جی میں آسان منتقلی کے بارے میں مختلف امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔

دلی آگ

دلی کے مالویہ نگر علاقے میں آج صبح آگ کی ایک بھیانک واردات میں21افراد ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے ہیں۔

آنند مِتل نے کہا کہ آٹھ فائر ٹینڈروں کا استعمال کر تے ہوئے پولیس، فائر DCP جنوبی دلی کے سروسز اہلکاروں اور ایمر جنسی میں کام آنے والے دیگر متعلقین کی انتھک مشقت سے نہ صرف آگ پر قابو پا لیا گیا بلکہ40سے زائد افراد کو ریسکیو کر کے اسپتال پہنچایا گیا۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیر اعظم نریندر مو دی نے اس حادثے پر زبردست رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ وزیراعظم نے قومی امدادی فنڈ سے مرنے والوں کے لواحقین میں2لاکھ روپے کی ایکسگریشا امداد کا اعلان کیا ہے۔

JDU

سرینگر میں آج کئی افراد نے جنتا دل یونائٹیڈ جمونو کشمیر میں شمولیت اختیار کی۔ اس موقعے پر
پارٹی

---

کے صدر جی ایم شاہین نے شمولیت کرنے والوں کا استقبال کیا۔ ۂ

نامہ نگاروں سے بات کر تے ہوئے موصوف نے جمونو کشمیر کی موجودہ عوامی سرکار کے کام کاج کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا ۔

----GM Shaheen----

اسی دوران شاہین نے دلی میناآگ کی واردات میں ہوئے جانی نقصان پر شدید رنج و غم کا اظہا رکیا ہے ۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہاہے کہ موجودہ این سی سرکار جموں کشمیر کی ہمہ جہت ترقی ، خوشحالی اور عوامی فلاح وبہبود کیلئے پوری سنجیدگی ، خلوص اور عزم کیساتھ کام کر رہی ہے ۔

سرینگر میں پارٹی کارکنوں اور عہدیداروں کو آئندہ پنچایتی اور بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں شروع کرنے کی ہدایت دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل اور حقوق کی بحالی کیلئے جہد و جہد جاری رہے گی ۔

بریک

یہ خبر یں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔ خبر ینآپ آکاشو انی کے موبا ئیل اپلیکشن پربھی سما عت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR نیوز آن

ہمارے خبروں کے بلیٹن اور نیوز روم کے پروگراموں ، ڈسٹرکٹ نیوز لیٹر، نئی منزلیں اور شہر شہر منظر کے بارے میں آپ اپنا فیڈ بیک ہمارے ای میل ایڈریس
پر بھیج سکتے ہیں ۔ Radiokashmir@gmail.com

**-----Gong-----**

**نشہ مکت**

**جموں کشمیر کو نشہ کی لعنت سے پاک کرنے کیلئے جموں کشمیر نشہ مکت ابھیان کے تحت منشیات مخالف سرگرمیاں شدو مد سے جاری ہیں اور بیداری پروگراموں کا انعقاد کے علاوہ ڈرگ سمگلروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کی کاروائیاں بھی چل رہی ہیں۔**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا ذاتی طور پر منشیات مخالف کاروائیوں پر نظر رکھے ہوئے ہے۔ ابھیان کی شروعات کے موقعے پر انہوں نے منشیات کے خلاف اپنے ایک واضع پیغام میں کہا۔**

**.....LG Byte......**

**سماجی سطح پر منشیات کے خلاف درکار اقدامات کے بارے میں وادی کے ایک گلوکار اعجاز احمد خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر نیوز کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔**

**-----Aijaz Khan----**

**پولیس**

**پولیس کی طرف سے بھی نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت مختلف سرگرمیاں اور NDPS ایکٹ کے تحت 60 لاکھ روپے مالیت کا کارروائیاں جاری ہیں۔ اننت ناگ میں پولیس نے ایک مکان اٹیچ کر دیا ۔ یہ مکان آنچی ڈورہ کے  عاصف حسین خان نامی ایک بد نام زمانہ سمگلر کا بتایا گیا ہے ۔**

**اس دوران اننت ناگ ، شوپیان، پلوامہ ، اونتی پورہ اور سوپور کے کئی علاقوں میں خشخاش اور بھنگ کی کاشت تباہ کی گئی۔**

**پلوامہ پولیس نے ضلع کے لاسی پورہ علاقے سے دو ڈرگ سمگلروں کوگرفتار کرکے ان کے قبضے سے ہیرائن جیسی کچھ نشہ آور اشیاءبر آمد کر لی ہے ۔**

**کھٹانہ**

**BJP لیڈر اور راجیہ سبھا ممبر غلام علی کھٹانہ نے آج بڈگام کے ایک اسکول میں نشہ سینئر مکت بھارت ابھیان کے تحت منعقدہ ایک پروگرام میں شرکت کی ۔**

**انہوںنے ایک صحت مند اور خوشحال قوم کی تعمیر میں نوجوانوں کا رول اجا گر کیا ۔**

لابرو

ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو کی صدارت میں شہر کے راجباغ علاقے میں آج بلاک دیوس کے تحت عوامی شکایات کے ازالے کا ایک کیمپ منعقد ہوا۔

اس دوران مقامی لوگوں کے مسائل کی سماعت ہوئی اور متعلقہ محکموں نیز افسروں کو موقعے پر ہی کچھ معاملات کے نپٹارے کے احکامات جاری کئے گئے ۔

ریلوے

اور اب ریل سے متعلق خبر

............Music........

شمالی ریلوے کے جموں ڈویژن نے مسافروں کےلئے تیز تر، آسان اور صاف و شفاف خدمات کی فراہمی میں دو اہم اقدامات کئے ہیں۔شری ماتا ویشنو دیوی استھاپن میں شردھالووں کے رش کو دیکھتے ہوئے ریلوے ڈویژن نے کٹرہ اسٹیشن پر اپنی نوعیت کی پہلی آٹو میٹک فوڈ اینڈ واٹر وینڈنگ مشین نصب کی ہے جس کی بدولت اب مسافروں کو کھانے پینے کیلئے لمبی قطاروں میں رہنے کی زحمت نہیں کرنی پڑے گی ۔ سینئر ڈویژنل کمر شل منیجر جموں اُچت سنگل نے بتایا کہ یہ مشین دن رات کام کرے گی ۔اسی طرح سے ریلوے کے جموں ڈویژن نے ای آکشن کے ذریعے ریلوے کے اثاثوں کاسمارٹ اور شفاف استعمال یقینی بنایا ہے ۔اس دوران ریلوے نے مسافروں کی سہولیت کیلئے اپنا ایپ بھی دستیاب رکھا ہے ۔........Promo....

دریں اثنا ریلوے کی جانب سے اس سال پانچ جون کو منائے جانے والے عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت سے ایک ماہ طویل مہم کے چلتے ایک پیڑ ماں کے نام پہل کے تحت بڑے پیمانے پر شجر کاری کا کام انجام دیا۔

اس سلسلے مینمختلف ریلوے اسٹیشنوں اور ریل کالونیوں میں آج میوہ دار، سایہ دار اورادویات کی اہمیت حامل درختوں کے بوٹے بوئے گئے ۔

12 سال

حکومت کے 12 برس مکمل ہوئے ہیں اور اس دوران وزیر اعظم نریندر مودی NDA مرکز میں کی قیادت میں عام لوگوں کی فلاح و بہبود کیلئے متعدد سکیمیں شروع کی گئیں جن میں آیوشمان بھارت یوجنا بھی شامل ہے ۔

پورے ملک میں بڑے پیمانے پر لوگ اس سکیم سے استفادہ کر کے طبی نگہداشت کی معیاری سہولیات حاصل کر رہے ہیں۔ اس بارے میں معروف اقتصادی ماہر ڈاکٹر اعجاز ایوب نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

**....Aijaz Ayoub....**

**وازہ محمود**

**وادی میں آج معروف صوفی شاعر وازہ محمود کا 110واں یوم وصال عقیدت و احترام کیساتھ مَنایا گیا ۔ اس سلسلے میں اُن کے آستان عالیہ واقع شورگری محلہ نواب بازار میں عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد نے حصہ لیا۔**

**اس موقعے پر وازہ محمودکی علمی ، روحانی اور شاعرانہ خدمات کو یاد کیا گیا ۔**

**EDI**

**ضلع سطح پرسٹارٹ اپ اور کار خانہ داری کے ماحول کو فروغ دینے کی سمت میں ایک اہم اقدام کی طرف سے جمونو کشمیر آنٹرپرنیورشپ ڈیولپمنٹ DPIITکے طور پر سٹارٹ اپ انڈیا اور انسٹی چیوٹ اور ضلع انتظامیہ کپواڑہ کے باہمی اشتراک سے کپواڑہ میں6جون کو ورکشاپ کا اہتمام ہے -Tejas**

**شیو کمار**

**کمار گپتا نے آج جنوبی کشمیر اور وسطی کشمیر کے Shiv کنٹرولر لیگل میٹرولاجی جموں کشمیر ڈپٹی کنٹرولروں کے ہمراہ ضلع آفس کمپلیکس اننت ناگ میں زیر تعمیر لیگل میٹرولاجی لیبارٹر ی کا معائینہ کیا ۔**

**انہوں نے تعمیراتی ایجنسی کو اس کی بر وقت تکمیل یقینی بنانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ یہ پروجیکٹ جنوبی کشمیر کے تاجروں اور صنعت کاروں کیلئے نہایت سود مند ثابت ہوگا۔**

**ایمبولنس**

**ایمبولینس گاڑی کو طبی نگہداشت کے شعبے میں ریڈھ کی ہڈی کی حیثیت حاصل ہوتی ہے۔ وقت کی ضرورت ہے کہ جمونوکشمیر میں ایمبولینس کاریڈور قائم کئے جائیں نیز ایمبولینس گاڑیوں کو ہر طرح کی جدید طبی سہولیات سے لیس کیا جائے۔**

**اس تعلق سے کینسر سو سائٹی آف کشمیر سرینگر کے میڈیکل سپرانڈنٹ اور سینئر کنسلٹنٹ ڈاکٹر پروفیسر نذیر احمد خان نے آکاشوانی نیوز سرینگر کے ساتھ بات کر تے ہوئے کہا۔**

**---Dr. Nazir Ah---**

**BJP**

لیڈر اور جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر سید درخشاں اندرابی نے آج BJP سینئر چرار شریف کا دورہ کرکے وہاں تعمیر ترقی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ انہوں نے بنیادی ڈھانچے کے ان پروجیکٹوں کے بارے میں عام لوگوں کے ساتھ ساتھ متعلقہ انجینئروں کے ساتھ بات چیت کی ۔

صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج پارٹی کے تنظیمی امور کے جنرل BJP پردیش سیکریٹری اشوک کول کے ہمراہ کشمیر وادی میں پنڈت دین دیال اُپادھیائے پرشکشن مہا ابھیان کے تحت تربیتی ورکشاپونمیں حصہ لیا۔ اس طرح کے پروگرام بڈگام ، پلوامہ اور اونتی پورہ کے کے سٹیٹ پریذیڈنٹ ارون پربھات نے عمر عبداللہ کی سرکار میں BJPعلاقونمیں منعقد ہوئے ۔ محکمہ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ اس حکمنامے پر سخت برہمی کا اظہا رکیا ہے جس کی رو سے سرکاری محکموں میں نئی اسامیاں وجود میں لانے پر روک لگا دی گئی ہے۔

## شیخ اعجاز

محکمہ اعلیٰ تعلیم نے جموں کشمیر کے مختلف کالجوں میں چار سالہ انڈر گریجویٹ پروگراموں میندا خلے کے تعلق سے کالجوں کی الاٹمنٹ کے پہلے راؤنڈ کی فہرست جاری کی ہے جو پر دستیاب ہے۔ jkadmissions.in محکمے کے داخلہ پورٹل

ڈائریکٹر کالجز جموں کشمیر پروفیسر شیخ اعجاز بشیر کی جانب سے جاری ایک پریس بیان میں متعلقہ امیدواروں سے کہا گیا ہے کہ وہ آن لائن پورٹل پر مقرر کی گئی داخلہ فیس ادا کریں۔

اس سلسلے میں مزید تفصیلات محکمے کی ویب سائٹ پر دیکھی جا سکتی ہیں۔

## نامزدگی

مرکزی سرکار نے پردھان منتری راشٹریہ بال پرسکار 2026 کے لیے نامزدگیاں طلب کی ہیں۔ نامزدگیوں کے اندراج کی آخری تاریخ 31 جولائی مقرر کی گئی ہے۔

یہ اعزاز بہادری، سماجی خدمت، ماحولیات، کھیل، فن و ثقافت، اور سائنس و ٹیکنالوجی جیسے شعبوں میں غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرنے والے بچوں کو دیا جاتا ہے۔

خواتین و اطفال کی ترقی کی وزارت نے بتایا ہے کہ کسی بھی شہری کی جانب سے نامزدگیاں صرف قومی اعزازات پورٹل کے ذریعے وصول کی جائیں گی۔

## ایوارڈ

قومی پنچایت ایوارڈس 2025 کی تقریب آج نئی دلی میں منعقد ہورہی ہے۔ اس موقع پر ملک بھر کی 42 نمایاں پنچایتوں کو ان کی شاندار کارکردگی کے اعتراف میں اعزازات سے نوازا جائے گا۔

ایوارڈ حاصل کرنے والی پنچایتوں کے سربراہان اپنی بہترین کارکردگی، اختراعی اقدامات اور نمایاں کامیابیوں کا خلاصہ پیش کریں گے تاکہ دیگر پنچایتیں ان کے تجربات سے استفادہ کر سکیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے 24گھنٹوں کے دوران اکثر مقامات پر گرج چمک کےساتھ ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارش کا امکان ہے ۔

سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت29 اعشاریہ2ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت14 اعشاریہ1ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 37 اعشاریہ5ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 23 اعشاریہ2 ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔

سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح5بجکر 20 منٹ اور غروب آفتاب شام7 بجکر39منٹ پر ہو گا۔

اس کے ساتھ ہی خبر نامہ ختم ہوا۔

اگلا خبر نامہ کل صبح 7.45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ